میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُوا۟ مِنكُمْ وَعَمِلُوا۟ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِى ٱلْأَرْضِ كَمَا ٱسْتَخْلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ ٱلَّذِى ٱرْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًاۚ يَعْبُدُونَنِى لَا يُشْرِكُونَ بِى شَيْـًٔاۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُو۟لَٰٓئِكَ هُمُ ٱلْفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

اتوار،28صفر،1441ھ | 27/10/2019 | نمبر16/1441

پریس ریلیز

"کُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ ۖ(البقرہ: 216)

"تم پر قتال فرض کر دیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناگوار گزرتا ہے!"(البقرہ:216)

عمران خان کا کشمیر کے فوجی حل سے انکار کا اعلان ٹرمپ، مودی اور جنرل راوت کا ایجنڈا ہے۔

عمران خان کا27 اکتوبر کے حوالے سے جاری ویڈیو بیان کشمیریوں کی ترجمانی نہیں، بلکہ ٹرمپ، مودی اور جنرل بپن راوت کی ترجمانی ہے۔ جس میں اس نے کھلے عام اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے مقبوضہ علاقے کو چھڑانے کیلئے استطاعت رکھنے والوں پر فرض جہاد کے قطعی حکم کو مسترد کر دیا۔ اور افواج پاکستان کے بہادر، باصلاحیت اور جذبہ شہادت سے سرشار شیروں کو کشمیر بھیجنے کے امکان کو مسترد کرتے ہوئے اسے کشمیر سے دشمنی قرار دیا۔ جب ہندو ریاست نے زبردستی مقبوضہ کشمیر کا بھارت سے الحاق کا اعلان کیا، اس وقت سے ٹرمپ نے جنرل باجوہ اور عمران خان کو ڈکٹیشن دی ہے کہ انھوں نے پاکستان کے عوام اور افواج پاکستان کے شیروں کی باگیں کس کر رکھنی ہیں تاکہ وہ کشمیریوں کی مدد کیلئے حرکت نہ کر سکیں۔ ٹرمپ کی شہ پر باجوہ-عمران حکومت پاکستان کے عوام کو کشمیر کی آزادی کے اصل ایجنڈے سے گمراہ کرنے کی مسلسل ناکام کوششوں میں مصروف ہے۔ عمران خان کی جانب سے اب تک (آدھا) "گھنٹا" کھڑے ہونے، کالی پٹی پہننے اور درخت لگانے کو کشمیر کی آزادی کے حل کے طور پر پیش کیا جا چکا ہے۔ اس سے قبل طاغوتی اقوام متحدہ میں تقریر سے وہ کشمیر کو آزاد کرتے کرتے "رہ گئے"، جبکہ حقیقت یہ ہے کہ اب تک یہ حکمران مودی سے کرفیو بھی ختم نہیں کرا سکے، حالانکہ مودی دنیا کی سب سے بڑی جیل میں لاکھوں مسلمانوں کو قید کر کے ان کے بیٹوں اور بیٹیوں کو اغوا کر کے مسنگ پرسن بنا رہا ہے۔

کشمیر کے اندر ہندو افواج کے جبر کی شکار ہماری مائیں، بہنیں، بیٹیاں اور مظلوم مرد افواج پاکستان کے شیروں کا روز انتظار کرتے ہیں۔ لیکن ٹرمپ، مودی اور جنرل بپن راوت کے وکیل، سفیر اور ترجمان ان کے ساتھ ہر روز خیانت کے مرتکب ہوتے ہیں۔ ان حکمرانوں کی حیثیت 'ابو رغال فاسق' کی سی ہے جس نے ابرہہ کو خانہ کعبہ کا راستہ بتایا تھا، اور جسے عربوں نے 'فاسق' کا لقب دیا اور اس کی قبر پر مدتوں پتھر برساتے رہے۔ لیکن اللہ سبحانہ وتعالیٰ کے ابابیل ابرہہ کے لشکر کے انتظار میں تھے، جیسے کہ آج بھی امت اور اس کی افواج زندہ ہیں، اور وہ کشمیر سے ان حکمرانوں کی غداری کے منصوبوں کو سات گز زمین کے نیچے دفن کرنے کیلئے تیار ہیں، اور صرف ان میں ہمت والوں کے آگے بڑھنے کی دیر ہے۔ پھر یہ آج کے 'ابو رغال فاسق' بھی رسوا ہونگے، اس دنیا میں بھی، جب لوگ ان کی قبروں پر پتھر ماریں گے اور آخرت کا عذاب تو شدید ہے۔

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَكُمْ وَعَسَى أَنْ تَكْرَهُوا شَيْئًا وَهُوَ خَيْرٌ لَكُمْ وَعَسَى أَنْ تُحِبُّوا شَيْئًا وَهُوَ شَرٌّ لَكُمْ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لا تَعْلَمُونَ۔ (البقرہ۔216)

"تم پر قتال فرض کر دیا گیا ہے اور وہ تمہیں ناگوار گزرتا ہے! ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں ناگوار گزرے اور وہ تمہارے لئے اچھی ہو، اور ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں اچھی لگے اور وہ تمہارے لئے بری ہے۔ اللہ جانتا ہے، تم نہیں جانتے(البقرہ:216)

ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

ویب: www.hizb-pakistan.com انسٹاگرام: https://instagram.com/HTmediaPAK01 ای میل: HTmediaPAK@gmail.com
فیس بک: https://Facebook.com/HTmediaPAK01 ٹویٹر: http://Twitter.com/HTmediaPAK
واٹس ایپ نمبر: +967 713 645 449 پوڈکاسٹ: https://anchor.fm/HTmediaPAK

حزب التحریر آفیشل ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrira.org:
حزب التحریر میڈیا آفس ویب پیج
http://www.hizb-ut-tahrir.info: